رہنمائے دکن

24 MAY 2019

رہنمائے دکن

فاصلاتی کورسز میں داخلوں کا آغاز

حیدرآباد۔23 مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم میں داخلوں کا آغاز ہوگیا ہے۔ بی ایڈ (فاصلاتی طرز) کے علاوہ ایم اے (اردو، انگریزی، تاریخ، ہندی، عربی اور اسلامک اسٹڈیز)، بی اے، بی ایس سی (لائف سائنسز، فزیکل سائنسز)، ڈپلوما ان (میچ انگلش اور جرنلزم اینڈ ماس کمیونکیشن) اور سرٹیفکیٹ کورسز (اہلیت اردو بذریعہ انگریزی اور فنکشنل انگلش برائے اردو داں) میں داخلے دیئے جارہے ہیں۔ پروفیسر پی فضل الرحمٰن، ڈائرکٹر انچارج، نظامت فاصلاتی تعلیم کے بموجب بی ایڈ (فاصلاتی طرز) 2018 کے امیدوار کو جو پہلے ہی درخواست جمع کرچکے ہیں، دوبارہ درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، انھیں داخلہ پورٹل میں لاگ کرکے اپنی اہلیت اور قابلیت کی تفصیلات کی دوبارہ توثیق کرنی ہوگی۔ ای پراسپکٹس اور آن لائن درخواست فارم ویب سائٹ
https://manuucoe.in/ddeonlineadmission19
پر دستیاب ہیں۔ درخواست، بی ایڈ (فاصلاتی طرز) کے لیے 1000 روپے رجسٹریشن فیس کے ساتھ اور دیگر پروگرامس کے لیے 200 روپے رجسٹریشن فیس کے ساتھ آن لائن داخل کرنی ہوگی۔ بی ایڈ کے لیے آن لائن درخواست فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 15، جون 2019 مقرر ہے جبکہ دیگر پروگراموں کی آخری تاریخ یکم اگست 2019 ہے۔ امیدوار مزید تفصیلات کے لیے طلبہ رہبری یونٹ ہیلپ لائن 040-23008463 اور 040-23120600 (ایکسٹنشن 2207) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

شعبہ اسلامک اسٹڈیز مانو میں ایم اے اور بی اے میں داخلے

حیدرآباد۔23 مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبہ اسلامک اسٹڈیز میں ایم۔اے اور بی۔اے کورسز میں داخلے جاری ہیں۔ ریگولر تعلیم کے تحت ایم۔اے اسلامک اسٹڈیز دو سالہ کورس ہے۔ اس میں داخلہ کی اہلیت 40 فیصد نمبرات کے ساتھ کسی بھی یونیورسٹی سے گریجویشن یا ان مدارس کی اسناد ہیں جو مانو میں داخلہ کے لئے منظور شدہ ہیں۔ یونیورسٹی نے ملک کے دو سو سے زائد مدارس کی اسناد کو مختلف کورسز میں داخلہ کے لئے تسلیم کیا ہے جن میں دارالعلوم دیوبند، دارالعلوم وقف دیوبند، دارالعلوم ندوۃ العلماء، جامعۃ الفلاح بلریا گنج، دارالعلوم اشرفیہ مبارک پور، جامعہ دارالسلام عمر آباد، جامعہ نظامیہ حیدرآباد، جامعۃ الصالحات رام پور، دارالعلوم الاسلامیہ بستی، الحیا فاؤنڈیشن اینڈ اسلامک ریسرچ سنٹر سری نگر، جامعۃ المومنات حیدرآباد، مغربی بنگال مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، اتر پردیش مدرسہ ایجوکیشن بورڈ اور بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ اس میں تقریباً 25 مدارس شہر حیدرآباد واطراف کے ہیں جن میں اکثریت طالبات کے مدارس کی ہے جن کی مکمل تفصیل مانو کی ویب سائٹ www.manuu.ac.in پر دیکھی جاسکتی ہے۔ ایم۔اے میں داخلہ کے لئے مردوں کی حد عمر 35 سال اور خواتین کی 40 سال ہے۔ اس کورس میں طلبہ کو اسلامک اسٹڈیز کے نصاب کے علاوہ انگریزی زبان اور کمپیوٹر کی بھی تعلیم دی جاتی ہے۔ نیز انھیں CBCS تعلیمی نظام کے تحت اپنی پسند کے اعتبار سے علم سیاسیات، سماجیات اور معاشیات کے بشمول یونیورسٹی میں دستیاب کسی دوسرے مضمون کو بھی اختیار کرنے کی سہولت ہے۔ اس کورس کی تکمیل کے بعد حکومت ہند کی جانب سے منعقد کئے جانے والے UGC-NET کے مقابلہ جاتی امتحان میں شامل ہوکر تقرری کی اہلیت NET یا JRF کوالی فائی کرکے اسلامک اسٹڈیز میں ریسرچ کے لئے پی ایچ ڈی میں داخلہ لے کر ماہانہ فیلوشپ حاصل کی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ مانو کے خوبصورت اور وسیع وعریض احاطہ کے اندر طلبا وطالبات کے لئے ہاسٹل، لائبریری، علمی وثقافتی سرگرمیاں اور کھیل کود کی معیاری سہولیات کے ساتھ دیگر مقابلہ جاتی امتحانات کی تیاری کے بھی بہترین مواقع دستیاب ہیں۔ گزشتہ سال کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے رواں سال میں بھی شعبہ اسلامک اسٹڈیز سے فارغ ہونے والے طلبہ میں سے ایک طالب علم کا عالیہ یونیورسٹی کلکتہ میں اسسٹنٹ پروفیسر اسلامک اسٹڈیز کی حیثیت سے مستقل تقرر عمل میں آیا اور دو طلبہ کا معروف کمپنی امیزان میں کیمپس سلیکشن کے ذریعہ بڑے سالانہ پیکیج کے ساتھ اہم عہدہ پر تقرر ہوا۔ داخلہ کی آخری تاریخ 30/جون 2019 مقرر ہے۔ داخلہ کا طریقہ آن لائن ہے جس کے لئے مانو کی ویب سائٹ www.manuu.ac.in پر مکمل رہنمائی دستیاب ہے۔ مزید معلومات کے لئے شعبہ کے اساتذہ ڈاکٹر محمد عرفان احمد (9010849380) اور ڈاکٹر شکیل احمد (9811647505) سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔